سوال

(233) کونسی نمازوں میں دوہری اور کونسی نمازوں میں اکہری تکبیر کہنا سنت ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کونسی نمازوں میں دوہری تکبیر کہنا سنت ہے؟ اور کن نمازوں میں اکہری تکبیر کہنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض اہلِ علم کا کہنا ہے کہ جس نماز کےلیے اذان دوہری ہو اس کی تکبیر بھی دوہری ہونی چاہیے۔ دلیل میں وہ حدیث ابومحذورہ پیش کرتے ہیں جو کتب سنن و مسلم وغیرہ میں موجود ہے۔ باقی عام حالات میں تکبیر اکہری کہی جائے۔ یاد رہے بلا تخصیص کسی بھی نماز کےلیے دوہری اذان ہو سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 215

محدث فتویٰ